Group-2 رول نمبر ______

MTN-11-G2

| Paper Code |
|---|
| Number: 2024 |

2019 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

گروپ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 20

## معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) قلم دوات کہاں ______ ہے۔
(A) پڑا (B) پڑی (C) پڑے (D) پڑیں

(2) مجھے اسلام آباد ______ دو ٹکٹ دے دو۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

(3) ______ گوندے دو۔
(A) تھوڑی (B) تھوڑا (C) تھوڑے (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(4) تلوار ______ نیام خوبصورت ہے۔
(A) کا (B) کے (C) کی (D) کو

(5) یہ آم ______ قلم ہے۔
(A) کا (B) کی (C) کے (D) کو

(6) اگر دولت مند ہو تو تقلید کرو۔
(A) دولت مند کی (B) غریب کی (C) ملّے کے تاجر کی (D) شام کے تاجر کی

(7) حضرت قمر کی بیوی کا نام تھا۔
(A) سفینہ (B) سہیلہ (C) تہمینہ (D) سکینہ

(8) نوجوان نے اپنا روماں کہاں اڑس رکھا تھا؟ ( بحوالہ اوورکوٹ )
(A) بغل میں (B) گریبان میں (C) دائیں آستین میں (D) بائیں آستین میں

(9) غالب میرٹھ میں رہے۔
(A) چودہ دن (B) چوبیس دن (C) چونتیس دن (D) چار دن

(10) ایک اعلیٰ نسل کی مرغی سال میں اوسطاً ______ انڈے دیتی ہے۔ ( بحوالہ اور آنا گھر میں مرغیوں کا )
(A) سو سے ڈیڑھ سو تک (B) دو سو سے تین سو تک (C) ڈیڑھ سو سے دو سو تک (D) دو سو سے اڑھائی سو تک

(11) جس مقصد کے لیے تشبیہ دی جائے اُسے ______ کہتے ہیں۔
(A) وجہ تشبیہ (B) حروفِ تشبیہ (C) غرضِ تشبیہ (D) طرفینِ تشبیہ

(12) بلی کے بال ریشم کی طرح نرم ہیں۔ اس مثال میں وجہ تشبیہ ہے۔
(A) ریشم (B) بال (C) نرمی (D) بلی

(13) مستعار منہ سے مراد ہے۔
(A) جس کے لیے کوئی لفظ مستعار لیا جائے (B) جس سے کوئی لفظ مستعار لیا جائے (C) وجہ جامع (D) طرفین استعارہ

(14) " کس شیر کی آمد ہے کہ رَن کانپ رہا ہے " اس میں مستعار لہٗ ہے۔
(A) شیر (B) رن (C) بہادر شخص (D) محبوب

(15) " اک بات ہے اعجاز مسیحا مرے آگے " تلمیح کی نشان دہی کیجیے۔
(A) اک بات (B) میرے آگے (C) اعجاز (D) اعجازِ مسیحا

(16) قافیہ ہمیشہ آتا ہے۔
(A) ردیف کے بعد (B) مصرع کے شروع میں (C) ردیف سے پہلے (D) شعر کے درمیان میں

(17) قافیہ کا لفظی مطلب ہے۔
(A) "پے در پے آنے والا" (B) "آنکھ بچا کر آنے والا" (C) چھپ کر آنے والا (D) کبھی کبھی آنے والا

(18) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو، کہلاتا ہے۔
(A) مطلع (B) مطلع ثانی (C) مقطع (D) حسنِ مطلع

(19) " تک میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے کیا یار بھروسا ہے چراغ سحری کا " اصطلاحِ شعر میں یہ شعر کہلائے گا۔
(A) مطلع (B) حُسنِ مطلع (C) آخری شعر (D) مقطع

(20) غزل کس چیز کے بغیر نہیں ہوسکتی؟ نشان دہی کیجیے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ



ParhloPakistan.com

Group-2

2019 (A)

رول نمبر

MTN-11-Grp-II

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - پہلا

گروپ - دوسرا

وقت = 2.40 گھنٹے

کل نمبر = 80

## انشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں
حق عیاں ہو جائے گا، باطل نہاں ہو جائے گا

ان کواکب کے عوض، ہوں گے نئے انجم طلوع
اُن دنوں رخشندہ تر، یہ آسماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + ( 3 x 3)

یہ جو دو آنکھیں، مند تگئیں مری
اُس پہ وا ہوتیں، ایک بار اے کاش!

جان آخر تو جانے والی تھی
اُس پہ کی ہوتی، نثار اے کاش!

اس میں راز سخن نکلتی تھی
شعر ہوتا ترا شعار، اے کاش!

### حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 10 + 3

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم و حجاب کی بات ہو ان سے ضبط نہ ہو سکتی تھی مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔ لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔ اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔ اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔ اس لیے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) دوستی کا پھل (ii) سفارش

5۔ علامہ محمد اقبالؒ کی نظم "خطاب بہ جوانانِ اسلام" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ دو دوستوں کے درمیان "انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات" پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

یومِ آزادی پر منعقد ہونے والی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

7۔ پرنسپل صاحب کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور اس کا موزوں عنوان بھی تجویز کیجیے۔ 10 = 2 + 8

ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوش بو کی ہے۔ جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اس کا ویسے ہی اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوش بو کا۔ مگر جب کسی کمزور دماغ میں زبردستی وہ خوش بو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو پریشان کر دیتی ہے۔ فیاض آدمی کو بدنامی اور نیک نامی کا زیادہ خیال ہوتا ہے اور عالی ہمت طبیعت کو مناسب عزت اور تعریف سے ایسے ہی تقویت ہوتی ہے جیسے کہ غفلت اور حقارت سے پست ہمتی ہوتی ہے۔



ParhloPakistan.com